بالکل اسی طرح فلاک سے اعلیٰ ترین پیداواری نتائج کا حصول بھی محض آرزو کرنے سے ممکن نہیں ہوتا بلکہ اس کے لئے فارمرز کا پوری طرح باشعور اور باعمل ہونا بھی بہت ضروری ہے، بالخصوص اس لئے بھی کہ پولٹری لائیو سٹاک کا ایک شعبہ ہے اور معمولی سی بے پروائی چوزوں اور مرغیوں کی صحت پر شدید منفی اثرات کا باعث ہوسکتی ہے۔

ظاہر ہے کہ فلاک سے اعلیٰ ترین پیداواری کارکردگی کا حصول ایک وسیع مضمون ہے جس کا ان سطور میں پوری طرح احاطہ کرنا ممکن نہیں ہے۔اس لئے ذیل میں چند اہم امور کا ذکر کیا جارہا ہے، اگر فارمزان نکات کو ذہین نشین کر لیں اور انہیں پیش نظر رکھتے ہوئے فلاک کی نشوونما، صحت وتندرستی اور دیگر متعلقہ امور پر توجہ دیں تو ان کے فلاک کی پیداواری کارکردگی میں نمایاں بہتری ہوسکتی ہے۔

پہلا ہفتہ اہم ترین ہوتا ہے

ایک روزہ چوزوں کی زندگی کا پہلا کس قدر اہم ہوتا ہے اس بات کا اندازہ کرنے کے لئے صرف یہ حقیقت کافی ہے کہ صرف پہلے ایک ہفتے کے دوران ایک روزہ چوزوں کے جسمانی وزن میں 4 گنا اضافہ ہو جاتا ہے، یعنی وہ اس دوران جو خوراک کھاتے ہیں وہ انتہائی تیز رفتاری سے ان کے بدن کا حصہ بن جاتی ہے لیکن یہ سب کچھ خود بخود نہیں ہوسکتا، اس کے لئے ضروری ہے کہ فارمر ایک روزہ چوزوں کو ممکنہ حد تک بہترین ماحول فراہم کرے اور ان کی تمام ضروریات کا پورا خیال رکھے۔ان ضروریات میں سے چند اہم ضرورتوں کا اس مضمون میں ذکر کیا جائے گا کیونکہ اگر ان کو توجہ کے ساتھ پورا کر دیا جائے تو یہ امکان روشن ہوجاتا ہے پرورش کا دور ختم ہونے تک فلاک کی پیداواری کارکردگی بہت بہتر رہے گی اور فارمر کو ان کی سخت محنت ومشقت کا صلہ مل جائے گا۔

لٹر کا معیاری ہونا ضروری ہے

بعض پولٹری فارمرز لٹر کو خاطر خواہ اہمیت نہیں دیتے جو بہت بڑی غلطی ہے، لٹر کے طور پر چاول کا چھلکا، لکڑی کا برادہ یا کوئی بھی چیز استعمال کی جائے اس کا معیار نہ صرف بہتر بلکہ اعلیٰ ترین ہونا چاہئے، یہ وضاحت ضروری ہے کہ اچھے لٹر کا پیمانہ یہ ہرگز نہیں ہے

کہ وہ بالکل نیا ہے پولٹری فارمرز کو معلوم ہونا چاہئے کہ لٹر خواہ نیا ہو یا پرانا اہمیت اس بات کو حاصل ہے کہ اس میں نمی کا تناسب زیادہ تو نہیں ہے؟ کیونکہ لٹر میں نمی زیادہ ہو تو اس میں ایمونیا گیس پیدا ہوتی ہے جو فلاک کی صحت کیلئے شدید منفی اثرات کا باعث ہوتی ہے، اگر پرانا لٹر استعمال کیا جائے اس کی اچھی طرح جانچ پڑتال کرنی چاہئے اور صرف خشک لٹر کو ہاؤس میں بچھانا چاہئے۔فارمر کو لٹر کے حوالے سے یہ بات ہمیشہ ذہین میں رکھنی چاہئے کہ اس میں نمی مقرر مقدار سے تھوڑی بھی زیادہ نہ ہو پائے کیونکہ جیسا کہ ابھی عرض کیا گیا ہے اس کے نتیجے میں ایمونیا گیس پیدا ہوتی ہے جو فلاک کی صحت کے لئے اس قدر مسائل پیدا کر دیتی ہے جس پر قابو پانا فارمرز کیلئے دشوار ہو جاتا ہے۔

درجہ حرارت پر کنٹرول

درجہ حرارت پر کنٹرول کا مقصد یہ ہے کہ فلاک کو ایسا ماحول فراہم کیا جائے جس میں نہ انہیں گرمی محسوس ہو اور نہ سردی بلکہ وہ پوری طرح پرسکون ہوں اور اطمینان سے رہیں۔اس بات کی جانچ کے لئے فارمرز کو ایسے انتظامات کرنے ہوں گے کہ 24 گھنٹوں کے دوران ہاؤس کے درجہ حرارت میں کبھی ایسی کمی یا زیادتی نہ ہو جو فلاک کے لئے تکلیف کا باعث بن جائے۔اس بات کو پیش نظر رکھنا بھی ضروری ہے کہ بالخصوص گرم اور مرطوب علاقوں میں واقع فارموں پر رکھے گئے فلاکوں کو دن کے مختلف حصوں میں مختلف درجہ حرارت کی ضرورت ہوتی ہے، اس کا واضح سبب یہ ہے کہ ان ممالک میں بیرونی ٹمپریچر دن کے مختلف پہروں میں تبدیل ہوتا رہتا ہے، دوپہر کو سخت گرمی، شام کو خنکی اور رات کے پچھلے پہر کسی حد تک سردی ان علاقوں کا ماحولیاتی معمول ہے۔لہذا فارمر کا فرض ہے کہ وہ اس پہلو کو نظر میں رکھتے ہوئے مختلف اوقات کے لئے فلاک کو درکار ٹمپریچر کا سوچ سمجھ کر تعین کریں اور اس پر عملدرآمد بھی یقینی بنائیں، کیونکہ ہاؤس کے درجہ حرارت کا براہ راست اثر فلاک کی نشوونما پر ہوتا ہے۔

عمر کے مختلف ادوار میں ٹمپریچر کی مختلف ضروریات

عموماً اس پہلو پر توجہ نہیں دی جاتی کہ چوزوں کو ان کی عمر کے مختلف حصوں میں مختلف درجہ حرارت کی ضرورت ہوتی ہے، اس لئے یہ سمجھنا درست نہیں کہ فلاک کے لئے ان کی عمر کے کسی ایک مرحلے پر جو درجہ حرارت موزوں ہے وہ آئندہ بھی سازگار رہوگا، اس کا ایک بہت بڑا سبب مرغیوں کے پر ہیں اس حوالے سے چوزوں اور مرغیوں کی عمر کے دورانئے کو دو حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے، پہلا حصہ بالکل ابتدائی مرحلہ جب ان چوزوں کے بدن پروں سے بالکل یا بڑی حد تک خالی ہوتے ہیں، ایسی صورت میں ان کی جلد نمایاں ہوتی ہے اور اسے براہ راست ہوا لگتی ہے، دوسرا مرحلہ وہ ہوتا ہے جب ان کے جسم پر Feathers یعنی پر نکل آتے ہیں۔


FSSC 22000
FSSC 2200, ISO 2200 & ACTS HALAL Certified
The Protein King™
SBeggs®
صحت بخش انڈے صحت مند زندگی™
40 Years of Poultry Expertise
HACCP & ISO 22000 certified
Best Before Food grade stamp on egg shells
Packing Environment friendly paper pulp trays
Weight First time eggs are graded on size / weight
Protection Specially designed packs to avoid eggs breakage
Air Pockets Air circulation pockets to maintain freshness
The Protein King
12 Super Eggs
SB Eggs
صحت بخش انڈے صحت مند زندگی
6, 12, 30 & 90 Eggs Packings Available
• Fresh • Hygienic
• Natural • Nutritious
CONTACT
0322 - 555 5001
Sbeggs @sadiqfeeds.com

سیزنز گروپ، اینیمل فیڈ میں برتر نام
اینیمل فیڈ میں برسہابرس کی مہارت کے ساتھ سیزنز گروپ کا شمار پاکستان میں عمدہ ترین معیار کی اینیمل فیڈ تیار کرنے والے اداروں میں ہوتا ہے۔
مقبولیت کی نئی بلندیوں کو چھونے والی یہ فیڈ دنیا کے جدید ترین پلانٹس پر تیار ہونے کی وجہ سے ملک بھر میں مکمل اعتماد کے ساتھ استعمال ہوتی ہے۔
Supreme Feeds (Pvt.) Ltd.
SUPREME AQUA FEEDS
PUNJNAD VANDA
Feed of 21st Century
سپریم فیڈز
پرائیویٹ لمیٹڈ
پنجند ونڈا
پنجند فیڈز لمیٹڈ
پولٹری اینڈ کیٹل
نیشنل فیڈز لمیٹڈ
پولٹری اینڈ کیٹل
سپریم فارمز
پرائیویٹ لمیٹڈ
Pure Breed No Tricks
سپریم فارمز کا نام کوالٹی اور اعتماد کا نشان
کم مدت میں زیادہ وزن
برائے رابطہ:
171- شادمان II لاہور-فون : 35961021-8
176- شادمان I لاہور-فون : 37425744-6

نتائج پر ابھی مزید تحقیق درکار ہے۔خون میں کولیسٹرول بڑھانے کا ذمے دار انڈہ نہیں بلکہ دیگر عوامل ہیں۔خون میں کولیسٹرول کی مقدار کا تعین کرتے ہوئے دوسرے عوامل کی طرح سگریٹ نوشی اور ہائی بلڈ پریشر کو بھی اتنی ہی اہمیت دینی چاہئیے۔

چونکہ خون کے کولیسٹرول کے تعین میں بہت سے عوامل کا عمل دخل ہوتا ہے اس لیے بہتر ہوگا کہ خون کے کولیسٹرول کا معائنہ کسی ماہر سے کروایا جائے۔جولوگ غذائی سیر شدہ چکنائی Saturated Dietaryfat اور کولیسٹرول کے معاملے میں زیادہ حساس ہیں انہیں چاہئیے کہ احتیاطی تدابیر کے طور پر اپنی غذا میں ضروری ردوبدل کر لیں۔ایک عام انسان کے لیے انڈے میں موجود چکنائی شکم سیری کا احساس پیدا کرتی ہے۔یہی وجہ ہے کہ انڈے کو صدیوں سے ناشتے کی ایک مرغوب غذا سمجھا جاتا ہے۔انڈے کی چکنائی 9 حرارے فی گرام مہیا کرتی ہے۔ یہ چکنائی پسلیاں گرمانے والی قسم کی ہوتی ہے۔اس کے کھانے کے بعد گھنٹوں بعد تک جسم گرم رہتا ہے۔ناپاک ہیں اور اسے خوراک میں حفاظت ڈی سی پی کے متبادل کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ فاسفورائیٹ کی دریافت سے خوراک بنانے والی کمپنیاں اور وہ فارمر جو اپنے فارموں پر خود خوراک تیار کرتے ہیں۔خاص طور پر فائدہ اٹھا سکتے ہیں اور یوں نمکیات پر اٹھنے والے خرچ کو کم کر سکتے ہیں جو کہ ان کی خوراک کے کل لاگت پر کمی کرنے میں کافی ممدو معاون ثابت ہو گا۔قدرتی فاسفورائیٹ اس وقت کھادوں (سنگل سپر فاسفیٹ، ٹرپل سپر فاسفیٹ، نائٹرو فاسفیٹ، ڈائی امونیم فاسفیٹ، امونیم نائٹرو فاسفیٹ وغیرہ) کی تیاری میں کافی استعمال کیا جا رہا ہے۔اس کے علاوہ اسے فاسفورک ایسڈ بنانے میں بھی بروئے کار لایا گیا ہے۔جس سے بعد میں دوسرے کیمیائی مرکبات جیسے سوڈیم فاسفیٹ، مونو فاسفیٹ، مونو کیلشیم فاسفیٹ اور ڈی سی پی وغیرہ بنائے جاتے ہیں۔یوں قدرت نے اپنے اس اصول کہ ”کائنات میں کوئی شے بے سود نہیں بنائی گئی“ کو واضح کر دکھایا ہے۔اور ماہرین پولٹری اور دوسرے سائنسدانوں کی کاوشیں رنگ لائی ہیں کہ جنھوں نے اپنی انتہائی سمجھ بوجھ اور احتیاط کو بروئے کار لاتے ہوئے قدرتی فاسفیٹ کو جانوروں اور پودوں کی صحت وافزائش کے لیے انتہائی کار آمد بنا کر پیش کیا ہے۔

مختلف غذاؤں میں لحمیات کی مقدار

نام اشیائے خوراک	مارکیٹ وزن فی جز	لحمیات کی مقدار%
گوشت (بکری)	ایک کلوگرام	18.10
گوشت (گائے)	ایک کلوگرام	18.40
مچھلی	ایک کلوگرام	20.50
پنیر	240 گرام	19.60
انڈے	فی درجن	12.60
دودھ	فی لٹر	4.10
مرغی (گوشت)	فی کلوگرام	20.10
کلیجی	فی کلوگرام	19.20

دنیا میں بہت کم غذائیں ایسی ہوں گی کہ جو افادیت کے اعتبار سے انڈے کا مقابلہ کر سکتی ہوں۔ویسے تو انڈے کے بے شمار فوائد ہیں لیکن ان میں سے پانچ اہم ترین درج ذیل ہیں، جن کی وجہ سے اسے سپر فوڈ کہا جا سکتا ہے۔

انڈوں کے چھلکے کوڑے میں پھینکنے کے بجائے ان سے یہ حیرت انگیز فوائد اٹھائیں

-1 آنکھوں کے لئے بہترین غذا

انڈے میں پایا جانے والا Lutein اور کسینتھن کیراٹانائڈ اجزاء کی اقسام ہیں۔ یہ دونوں اجزاء کسی بھی اور غذا کی نسبت انڈے سے نسبتاً آسانی کے ساتھ اور بہتر کوالٹی میں حاصل ہوتے ہیں۔ باقاعدگی سے انڈہ کھانے والوں میں ان اجزاء کی وجہ سے آنکھوں کی بیماری کیٹریکٹ کا خدشہ بہت کم ہو جاتا ہے۔

-2 مفید کولیسٹرول

ایک انڈے میں تقریباً 212 ملی گرام کولیسٹرول پایا جاتا ہے لیکن خوش قسمتی سے یہ کولیسٹرول کی مفید قسم ہے جسے کھانے سے خون میں مضر کولیسٹرول کا اضافہ نہیں ہوتا۔

-3 دل کی بیماری سے تحفظ

انڈوں میں پایا جانے والا کولیسٹرول HDL قسم کا ہوتا ہے جو کہ صحت کے لئے نقصان کا باعث نہیں ہوتا۔اس کی وجہ سے دل کی بیماری اور دیگر کئی بیماریوں کا خدشہ کم ہو جاتا ہے۔

-4 پروٹین کا خزانہ

ایک انڈے میں 6 گرام ہائی کوالٹی پروٹین پائی جاتی ہے اور انسانی جسم کی ضرورت کے تمام 9 امائنو ایسیڈ بھی اس میں پائے جاتے ہیں۔ پروٹین انسانی جسم کے نشوونما کے لئے بنیادی عنصر ہے اور خصوصاً بڑھتے ہوئے بچوں کے لئے نہایت اہم ہے۔

-5 کولین کا بہترین ذریعہ

انڈے کی ایک زردی میں تقریباً 300 مائیکروگرام Choline پایا جاتا ہے۔ یہ غذائی جزو دماغ، عصبی نظام اور دوران خون کے نظام کو تحفظ فراہم کرتا ہے۔

☆ انڈے میں پائے جانے والے مندرجہ بالا متفرق غذائی اجزا کسی بھی دوسری غذا میں بیک وقت دستیاب ہونا بہت مشکل ہیں لہٰذا انڈوں کا باقاعدگی کے ساتھ استعمال بہترین صحت کی ضمانت ہے۔

انڈہ وٹامنز کا خزانہ

انڈے میں وٹامن سی کے سوا تمام وٹامن موجود ہوتے ہیں، ایک بڑے انڈے میں 75 حرارے (کیلوریز) ہوتے ہیں اور جمنے والی چکنائی صرف دو فیصد ہوتی ہے۔ جو صرف اس کی زردی میں ہوتی ہے، انڈے کی سفیدی خالص پروٹین کی بنی ہوتی ہے اور ہر بڑے انڈے میں اس کی مقدار 6 گرام ہوتی ہے، اس کے علاوہ انڈے میں لائبو فلاوین، فولاد اور فاسفورس خاصی مقدار میں ہوتے ہیں۔انڈے کو اس میں موجود چکنائی کی وجہ سے مضر صحت قرار دیا جاتا ہے۔ممتاز امریکی ماہر غذائیات ایڈ یلے ڈیوس کی رائے میں مرغوں سے میل کھانے کے بعد حاصل ہونے والے بار آور انڈوں کی زردی میں کولیسٹرول کی مضر اثرات باقی نہیں رہتے۔امریکن ہارٹ ایسوسی ایشن کے مطابق ایک عام انسان کو ہفتے میں چار انڈے کھانے چاہئیں۔ جاپان میں ہونیوالی ایک تحقیق اور جائزے کے مطابق جاپان میں ہر فرو سالانہ 328 انڈے (اوسطاً) کھاتا ہے لیکن اس کے باوجود اس کے خون میں کولیسٹرول کی سطح امریکہ کے شہریوں کے مقابلے میں کم پائی گئی ہے اور جاپان کے رہنے والے امریکہ کے مقابلے میں امراض قلب سے بھی محفوظ پائے گئے ہے اس کی ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ جاپانی مچھلی اور سویا بین زیادہ استعمال کرتے ہیں۔ اس طرح انڈے کے ساتھ پیاز اور لہسن کے استعمال سے بھی کولیسٹرول کی سطح کم رکھی جا سکتی ہے۔

انڈے کی خصوصیات

ڈاکٹر مدثر رسول
(ڈی۔وی۔ایم UVAS)

دودھ کو غذائیت سے بھرپور خوراک تسلیم کیا جاتا ہے۔ قدرت نے اسے نوزائیدہ بچے کی پرورش اور غذائی ضرورتوں کی تکمیل کے لیے تخلیق کیا ہے۔ دودھ اس وقت تک بچے کے لیے ہر اعتبار سے مکمل اور غذائیت بخش خوراک ہے جب تک بچہ معمول کی خوراک کھانے کے قابل نہیں ہو جائے۔ بالکل اسی طرح انڈہ بھی قدرت کی بہترین تخلیق ہے۔ یہ زندگی کی نشوونما کے لیے بہت ضروری ہے کیونکہ یہ ان کی غذائی ضرورتوں کی بھرپور تکمیل کرتا ہے۔

دو بڑے انڈے 160 حرارے مہیا کرتے ہیں جو ایک عام انسان کی روزانہ ضرورت کا 9 فیصد ہے، اس کے ساتھ ہی یہ روزانہ کی ضروریات کے 9 فیصد لحمیات، وٹامن اے، رائبوفلیون، فولاد، حیاتین، فولک ایسڈ، وٹامن بی 2، فاسفورس، آئیوڈین اور پنتھونک ایسڈ بھی مہیا کرتا ہے۔ انہی خوبیوں کی بناء پر انڈے کو قوت بخش غذائی خوبیوں والی غذا کہا جاتا ہے۔ بلاشبہ قیمت اور غذائیت کے اعتبار سے انڈہ بہترین غذا ہے۔ اس میں موجود غذائی اجزاء انسانی صحت کے لیے کس قدر اہم ہیں، اس کا اندازہ ذیل میں دیئے گئے چارٹ سے بخوبی ہو سکتا ہے۔

دو انڈے کی غذائیت

لحمیات	12 ملی گرام
چکنائی	12 ملی گرام
مونو سیر شدہ	6 ملی گرام
پولی سیر شدہ	6 ملی گرام
سیر شدہ	4 ملی گرام
کولیسٹرول	520 ملی گرام
کاربوہائیڈریٹ	140 ملی گرام

امریکا کے تجویز کردہ روزانہ خوراک کے فیصد الاؤنس

لحمیات	30 فیصد
حیاتین الف	10 فیصد
حیاتین ج	2 فیصد سے کم
تھایاسین	2 فیصد
رائبوفیلون	20 فیصد
نایاسین	2 فیصد سے کم
کیلشیم	6 فیصد
فولاد	10 فیصد
حیاتین د	15 فیصد
حیاتین سی	6 فیصد
حیاتین بی	6 فیصد
فولاسین	15 فیصد
حیاتین بی	15 فیصد
فاسفورس	20 فیصد
آئیوڈین	35 فیصد
جست	10 فیصد
بائیوٹین	8 فیصد
پنتھونک ترشہ	15 فیصد
تانبہ	4 فیصد
میگنیشیم	4 فیصد

اعلیٰ معیار کی لحمیات

لحمیات 20 سے 22 امائنو ایسڈز سے مل کر بنتی ہیں امائنو ایسڈز کو جنہیں امینو ترشے بھی کہا جاتا ہے انسانی جسم کا Building Block یا تعمیراتی جزو بھی قرار دیا جاتا ہے۔ ان میں سے کچھ ایسے ہیں جن کو انسانی جسم خود نہیں بناتا بلکہ ان کو غذا کے ذریعے ہی حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اسی لیے انہیں لازمی امائینو ایسڈز Essential Amino Acids کہتے ہیں۔ وہ غذائیں جن میں یہ آٹھ امائینو ایسڈز موجود ہوتے ہیں وہ مکمل لحمیات Complete protein کہلاتی ہیں۔ لازمی امائنو ایسڈز حاصل کرنے کا بہترین ذریعہ وہ غذائیں ہیں جو ہم حیوانات سے حاصل کرتے ہیں۔ ایک اہم بات ہے کہ انڈے دوسری حیوانی لحمیات کی طرح مکمل لحمیات ہیں۔ یہی نہیں بلکہ انڈوں میں موجود لازمی امائنو ایسڈز کا تناسب اس قدر عمدہ ہے کہ اسے دوسری غذائی لحمیات کے معیار کا اندازہ لگانے کے لیے ایک پیمانہ تصور کیا جاتا ہے۔ انڈہ قدرت کی بہترین تخلیق ہے بالخصوص بچوں کی صحتمند نشوونما کے لیے یہ بہت ضروری ہے کیونکہ کہ ان کی غذائی ضرورتوں کی بھرپور تکمیل کرتا ہے۔ امائنو ایسڈز کی ترتیب و تناسب بہت عمدہ ہے، وہ نہ صرف بآسانی ہضم ہوتے ہیں بلکہ جلد ہی توانائی میں تبدیل ہو کر جزو بدن بھی بن جاتے ہیں۔ انہی خوبیوں کی وجہ سے حقیقت تسلیم کی جا چکی ہے کہ انڈہ اعلیٰ معیار کی لحمیات کا بہترین ذریعہ ہے۔

چکنائی اور کولیسٹرول

ایک بڑے انڈے میں 6 گرام چکنائی اور 260 ملی گرام کولیسٹرول ہوتا ہے۔ انڈے کی زردی میں تین مختلف اقسام کی چکنائیاں پائی جاتی ہیں۔ پولی غیر سیر شدہ Poly Unsaturate ایک گرام، مونو غیر سیر شدہ Mono Unsaturated تین گرام اور سیر شدہ Saturated 2 گرام خون میں موجود کولیسٹرول کی زیادتی کو دل کی بیماری کا پیش خیمہ قرار دیا گیا ہے۔ غذائی چکنائی اور غذائی کولسٹرول پر گہری تحقیق کی جا رہی ہے۔ یہ معلوم کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے کہ آیا خون میں موجود کولسٹرول پر انڈوں کا کوئی اثر ہے اگر ہے تو کیسے ہے۔ تحقیق سے معلوم ہوا ہے کہ غذائی کولسٹرول بذات خود خون میں موجود کولیسٹرول کی مقدار پر کوئی خاص اثر نہیں کرتا ہے۔ دوسرے یہ بھی ثابت ہو چکا ہے کہ پولی غیر سیر شدہ چکنائیوں اور مونو غیر سیر شدہ چکنائیاں خون کے کولیسٹرول میں کمی کر سکتی ہیں۔ چونکہ انڈے میں کولیسٹرول وافر مقدار میں پایا جاتا ہے اس لیے بہت سے سائنسدانوں نے فطری طور پر خون کے کولیسٹرول پر انڈوں کے اثرات معلوم کرنے کے لیے ریسرچ کی ہے لیکن ابھی تک کوئی واضح نقوش سامنے نہیں آ سکے ہیں۔

تجربے کے طور پر کچھ لوگوں کی خوراک میں انڈوں کی تعداد بڑھا دی گئی تو ان میں چند لوگوں کے خون میں کولیسٹرول کی مقدار زیادہ ہو گئی لیکن باقی لوگوں پر اس کا کوئی اثر نہیں ہوا، یہاں تک کہ تیسرے گروپ کے ساتھ کئے گئے ایسے ہی تجربے سے ان کے خون میں موجود کولیسٹرول کی مقدار کم ہو گئی۔ ان مفرد اور مختلف

TURNKEY FEED MILL SOLUTIONS

MADE IN TÜRKİYE MADE IN

SCAN ME

ORYEM

YEM MAKİNALARI / FEED MILLING MACHINERY

Type	Capacity	Motor (kW)	Roller Diameter (mm)
OR-PP S-520	8-14 Ton/Hour	160-200	245
OR-PP S-760	20-25 Ton/Hour	250-300	340
OR-PP S-900	25-30 Ton/Hour	400-450	440

DESIGNS OF THE FUTURE



oryem.com.tr

GIORDANO

Serving the poultry world

FARM EQUIPMENT



Full package of specifically designed Ducks and Turkeys equipment is not so easy to find.
Giordano offers Polyfeeder, a fully automatic Feeding Pan line, covering the whole growing cycle of Ducks and Turkeys, and Gyro Line, a 2 in 1 Automatic Nipple Drinking Line, permitting to save space and lower the investment.
The portfolio is completed by full range of slats flooring, specifically designed for Ducks and Turkeys feet and legs.

خاص طور پر ڈیزائن کردہ بطخوں کا مکمل پیکیج اور ترکی کے ایکوپمنٹ ملنا اتنے آسان نہیں ہے جیورڈانو پولی فیڈر پیش کرتا ہے، جو مکمل طور پر خودکار ہے۔فیڈنگ پین لائن جوکہ پورے کا احاطہ کرتی ہے بطخوں اور ترکیوں کا بڑھتا ہوا چکر، اور جیرو لائن، 1 میں 2 خودکار نپل پینے کی لائن، جگہ اور خرچہ کم لے۔ پورٹ فولیو سلاٹس فرش کی مکمل رینج کے ذریعہ مکمل کیا جاتا ہے جو کہ بطخیں اور ترکی کے پاؤں اور ٹانگوں کے لئے خاص طور پر ڈیزائن کیا گیا ہے۔

www.giordanoglobal.com
info@giordanoglobal.com

		ILT	Live	Eye Drop
9	66	ND Lasota	Live	Coarse Spray
10	77	IB 4/91	Live	Coarse Spray
11	88	TRT/SHS	Live	Coarse Spray
12	98	ND Lasota	Live	Coarse Spray
13	15TH Weeks	ND + AI	Killed	S/C Injection
		ND + IB + SHS + EDS	Killed	S/C Injection
Laying Phase				
14	18 Weeks	ND Clone 30 + IB MA5	Live	Coarse Spray
15	25 Weeks and every 06 Weeks	ND Clone 30 + IB MA5	Live	Coarse Spray

مجھے امید ہے یہ پروگرام فارمز کیلئے راہنمائی کا باعث ہوگا اور وہ زیادہ منافع بخش فارمنگ کر سکیں گے۔

بائیوسیکورٹی کا تیسرا اہم حصہ water sanitation ہے۔ سب سے اہم ہے کہ فارم ایسی جگہ بنائیں جہاں مکمل isolation ہو۔ مین روڈ سے ہٹ کر بنائیں۔ فارم والی روڈ پر بہت زیادہ آمدورفت نہ ہو۔ دوسرا اس میں سب سے اہم ہے کہ وہاں پر پانی کی کوالٹی بہت اچھی ہونی چاہیئے۔ پہلے water sample لیں اور اس کو Lab Test پانی کی کوالٹی 100% صحیح نہیں ہوتی اور جیسے جیسے فارم میں فلاکس آتے ہیں اور تیار ہوتے جاتے ہیں۔ Water Lines میں Bio film بن جاتی ہے۔ کنواں کا پانی خراب ہوجاتا ہے۔ پانی برڈز میں خوراک کو ہضم کرتا ہے۔ درجہ حرارت کو regulate کرتا ہے۔ wastes کو جسم سے نکالتا ہے۔ ہم نے تجربے میں دیکھا ہے کہ پانی میں اتنے salts نہ ہوں Loose Dropings کا مسئلہ بن جاتا ہے آخر کار وہاں فارم ناکام ہوجاتے ہیں۔ اگر Bacterial بہت زیادہ ہے۔ مثلاً ان کے پینے کے پانی میں 100 بکٹر یا سے کم ہونا چاہیئے ایک ملی لیٹر پانی میں اور 50coliform بیکٹیریا سے کم ہونا چاہیئے ایک ملی لٹر میں۔ اس وقت ہم نے اختصار سے بات کرتے ہوئے بتایا کہ کونسے water sanitizer استعمال کریں جو safe اور effective ہیں۔

ا۔ iodine اس کو 0.04% استعمال کریں ۲۔ calcium hypochlorite اس کو 0.01% استعمال کریں۔ ۳۔ Chlor tablets اور H252 بھی استعمال کرتے ہیں۔

Water Quality Standards for Poultry

contaminants,Minerals or Iron	Average Level	Max-Level
Bacteria -Total	0 CFU/ML	100 CFU/ML
Coliform	0 CFU/ML	50 CFU/ML
PH	6.8-7.5	6-0-8-0
Calcium(Ca)	60 mg/L	
Chloride(cl)	14mg/L	250mg/L
Copper(cu)	0-002mg/L	0-6mg/L
Iron (Fe)	0-2mg/L	0.3mg/L
Lead (pb)	0	0.02mg/L
magnesium (mg)	14mg/L	125mg/L
Nitrate	10mg/L	25mg/L
Sulphate	125mg/L	250mg/L
Zinc		1-5mg/L
Sodium (Na)	32mg/L	50mg/L

6-	**PRESSURE WASHING** :Wash with Calcium Hypochlorite solution through high pressure low volume applicator on ceiling , walls , floor and batteries making sure that all places are washed thoroughly including any cracks.Contact time is 24 hours.	CALCIUM HYPO./HOUSE 10 KGS . / 1200 LITERS OF WATER
7-	**PRIMERY DISINFECTION** :Spray on walls , roof ,batteris and floor .Spray outside walls and inside v.tunnels etc.with solutin of 15 liters of GPC IN 1500 LITERS OF WATER.Contact time is 24 hours.	QTY OF GPC-16/HOUSE 15 Liters /House
8-	**BEETLES & INSECTS** :Spray Solfac EC 50 liquid on 1 meter on all iside walls from the floor and 1 meter on the floor adjacent to the walls with solution of 80 mls of Solfac EC 50/10 liters of water .	SOLFAC EC 50 QTY ./HOUSE 2 LITERS/250 LITERS OF WATER.
9-	**TERMINAL DISINFECTION** : Spray all area of house covering all the equipments present inside the house with 100 liters of Formaline mixed in 1000 liters of water.Contact time is 24 hours.	QTY OF FORMALINE / HOUSE 100 Liters / 1000 Liters of water.
10-	**FUMIGATION OF SILOS** : Fumigate the silo with 100 grams of kmno4 + 200 mls of Formaline.Contact time is 24 hours.	QTY./HOUSE 200 Grams of kmno4 + 400 mls of Formaline

بائیوسیکورٹی کا دوسرا اہم حصہ ہے vaccinations کا یہ بیماریوں کو روکتا ہے۔اس سے بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت کر کے بند باندھا جاتا ہے۔جس کو (immunity) کہتے ہیں۔اس میں ہر طرح کی بیماریوں کے خلاف Vaccinations کی جاتی ہیں۔جس میں viral،bacterial اور دوسری بیماریوں میں شامل ہیں۔ویکسین کئی طرح کی ہوتی ہے۔ Live اور Killed وغیرہ۔اس پر کبھی تفصیل سے الگ مضمون لکھا جا سکتا ہے۔اس پر بہت لکھا گیا ہے۔یہاں صرف بائیوسیکورٹی کی مناسبت سے بات ہو رہی ہے۔اس میں اپنے تجربات Share کر کے فارمز کیلئے آسانی پیدا کرنی ہے۔ ان کو فائدہ پہنچانا ہے۔نیچے ایک ماڈل پروگرام ہے کمرشل لیئر کیلئے۔Rearing اور laying کے دوران culling تک کے لئے ہے۔یہ وہاں کی صورت حال کے مطابق بنایا گیا ہے۔آپ اپنی ضرورت کے مطابق اپنی صورت حال کے مطابق ردوبدل کر لیں۔اپنے بریڈر والوں اور اپنے consultants کے مشورے سے ایک بیلنس پروگرام بنا لیں۔

Commercial Layer Vaccination Program

Sr.	Age	Vaccine	Type	Route
1	0 Day	ND Clone 30 + IB MA5	Live	Coarse Spray
		HVT + RESPENS	Live	I/M Injection
		ND + AI Or Gumbopest	Killed	S/C Injection
2	14 Days	IB 4/91+ ND Clone 30	Live	Coarse Spray
3	17 Days	Bursine 2	Live	Drinking Water
4	22 Days	Bursine 2	Live	Drinking Water
5	24 Days	ND Lasota	Live	Coarse Spray
6	35 Days	IB Primer	Live	Coarse Spray
7	45	TRT/SHS	Live	Coarse Spray
8	55 Days	ND + IB + SHS + EDS	Killed	S/C Injection
		ND + AI	Killed	S/C Injection
		Fowl Pox	Live	Wing Web
		MG TS 11	Live	Eye Drop

بائیوسیکورٹی (Biosecurity)

تحریر: ڈاکٹر بنیاد حسین زاہد پولٹری اسپشلسٹ کنسلٹنٹ Poultry Specialist Consultant فون نمبر: 0309-4047487 ای میل dr.buniadzahid@gmail.com

بائیو یعنی زندہ۔ بیماری پھیلانے والے جراثیم کو برڈز کے اندر داخل ہونے سے روکنے کو بائیوسیکورٹی کہتے ہیں۔ یا یوں کہیں ان جراثیم کو فارم کے ایریا میں داخل ہونے سے روکنا ہے۔ یہاں تک کہ فارم سے متعلقہ سب لوگوں کو بھی ان جراثیم سے بچانا ہوتا ہے۔ تاکہ فارم کے عملہ کے ذریعے یہ جراثیم ہمارے برڈز میں بیماری کا باعث نہ بن سکیں۔ یہ اسی وقت ممکن ہوتا ہے جب ہم اس کو مجموعی طور پر لاگو کرتے ہیں۔ یہ Broiler میں، Layers میں اور Breeders میں تقریباً ایک جیسا ہے۔ لیکن کچھ فرق ہوسکتا ہے۔ جب ہم بائیوسیکورٹی کو ہر ایریا میں مکمل apply کریں گے۔ تو بہتر نتائج نکلیں گے۔ اس کے تین حصے ہیں یعنی ہم ہر چیز کو disinfectant کریں چوزے آنے سے پہلے۔ پینے والے پانی کو مسلسل sanitizer کے ذریعے جراثیم سے پاک کریں۔ پھر effective vaccine programme کے ذریعے فلاکس کو بیماری سے بچا سکتے ہیں۔ ان سب کے ذریعے ہم economical طریقے سے اپنے برڈز کو بچا سکتے ہیں۔ اور یہ جنگ جیت سکتے ہیں۔ دوسری صورت میں Huge Loss اٹھانا پڑتا ہے بیماری آجائے۔ تو اموات کو روکنا ناممکن ہو جاتا ہے۔ جس طرح آج پولٹری انڈسٹری اپنے عروج پر ہے۔ ماضی میں ہمارے تجربے میں آچکا ہے کہ پورے پورے علاقے بیماری کی لپیٹ میں آئے اور فارم تباہ ہوگئے، جیسے کہ Hydro کی بیماری آئی پھر Bird Flu آیا۔ پورے پورے علاقے تباہ ہوگئے۔ فارمرز کو ناقابل برداشت نقصان اٹھانا پڑا۔ دوسری Viral اور bacterial بیماریاں سارا سال چلتی رہتی ہیں۔ جن میں خاص طور پر Mareks,ND,IB, اور ILT وغیرہ وغیرہ ہیں۔ ان سب میں ساتھ E-Coli آجاتا ہے۔ جو فارمرز کو تباہ و برباد کر دیتا ہے۔ ان بیماریوں سے بچنے کیلئے ہم نے ہر قدم پر Bio-Security پر عمل کرنا ہے۔ اور اس پر مناسب خرچہ کر کے اس کو یقینی بنانا ہوتا ہے۔ جیسے کہ جہاز میں سفر کرتے ہوئے سیٹ بیلٹ ضرور باندھ لیتے ہیں۔ پولٹری فارمنگ میں Hygiene اور بائیوسیکورٹی Key factors ہیں۔ ان کو اپنی جگہ پر برابر implement کرنا ہے۔ کوتاہی نہیں کرنی۔ اس کیلئے SOP'S بنانے ہیں۔ جن پر سختی سے عمل کرنا ہے اور بیماری پھیلانے والے جراثیم کو ہر صورت برڈز کے اندر داخل ہونے سے روکنا ہے۔ اس طرح سے ہم نے منافع بخش فارمنگ کرنی ہے تاکہ فارمرز خوشحال ہو اور ملک ترقی کرے۔ Management کے ہر step پر باریک بینی سے ہر چیز کو چیک کرنا ہے ناقص Disinfectant استعمال نہیں کرنے، نیچے تفصیل سے Disinfectant Program لیئرز کیلئے ہے۔ جس پر ہم مکمل عمل کر کے بائیوسیکورٹی کے پہلے نہایت اہم حصے پر عمل کر سکتے ہیں۔ اس میں disinfectants وغیرہ کی مقدار ایک 65000 برڈز کی capacity والے ہاؤس جس میں 4-Tier cages ہیں۔ لمبائی تقریباً 300 فٹ ہے چوڑائی 45 فٹ ہے۔

DISINFECTION PROGRAM FOR COMMERCIAL LAYER FARMS

STEP	PROCEDURE	QTY OF CHEM.&DISINFS./H
1-	**RODENT CONTROL**:For rearing farms place 1 kg/house rat bait according to rat population as per HACCP plan.For laying farms devide the total bait in 3 parts and place 1 part on different places on 3 consective days regularly.	Rat bait /House: 1 kg / House for rearing and 2 kgs / House for laying farms.
2-	BEETLES AND INSECTS :Spray Solfac EC 50 in dilution rateof 80 mls/ 10 liters of water.Spray 1 meter on all walls height inside houses and 1 meter adjacent floor.Same outside houses.	SOLFAC EC 50 Total Qty/H 2 liters /250 Liters of water.
3-	**DRY CLEANING** : Remove all manure from the house.Remove all feed from feed cart and feed trough.Broom the floor with vigorous brushing & scrubing .Remove all dust and feathers.	
4-	**CLEANING OF NIPPLE LINES** : Put 15 liters of Aqua clean in 500 liters of water and let it stay for 24 hours in N.lines and then drain it out.	AQUACLEAN or equvalent 15 liters /House
5-	**SOAKING** :Spray ceiling ,walls ,roof and batteries of each house with a salution of 20 liters of Iodine in 1200 liters of water .Contact time is 24 hours.	IODINE 20 LITERS / HOUSE

ہڈیاں مضبوط ہوں گی وغیرہ وغیرہ۔
(16 گھنٹے روشنی اور 8 گھنٹے اندھیرا) ہمارے ملک کے موسم کو مدنظر رکھتے ہوئے اس پروگرام کی بڑی افادیت ہے کیونکہ ہمارے ملک کا موسم گرم ہے۔15 مئی سے اگست تک موسم گرم رہتا ہے اس لئے اگر فارم کی انتظامیہ کو اس پروگرام کی عادت پڑ جائے گی تو گرم مہینوں میں فلاک پالنا بہت آسان ہوجائے گا۔اس کے علاوہ ان گرم مہینوں میں فلاکس کی کارکردگی پر بھی زیادہ برا اثر نہیں پڑے گا۔ بلکہ وہ اپنی فیڈ اور وزن گرم مہینوں میں بھی تقریباً پورا کر لیں گے۔طریقہ کار پرانا ہی ہے کہ تین دن کے بعد روشنی بالکل بند کردی جائے اگر چوزہ کمزور ہو تو 5 دن کے بعد صبح سات بجے روشنی کردیں۔کیونکہ یہ وقت بریڈنگ کا ہوگا۔شیڈ تقریباً بند ہوتا ہے اس لئے صبح کی روشنی دانہ پانی کھانے کیلئے نا کافی ہوسکتی ہے۔جب چوزہ 15 دن کا ہو جائے تو روشنی صبح پانچ بجے کھول دیں گویا اس وقت شیڈ میں روشنی دینا شروع کردیں۔اس طرح اب فلاک کو سولہ گھنٹے روشنی ملنے لگے گی۔جیسا کہ پہلے بھی بیان کیا جا چکا ہے کہ صبح سویرے ہی مرغیوں کو دانہ پانی مل جائے گا۔اور جب گرم موسم شروع ہوگا تو اس وقت مرغیوں کو فیڈ کی زیادہ ضرورت نہیں ہوگی بلکہ صرف 70 ڈگری فارن ہائیٹ درجہ حرارت کا مسلسل پانی ملتا رہے۔تو فلاک کی پرفارمنس پر کوئی اثر نہیں پڑے گا اور وہ تقریباً وقت مقررہ پر تیار ہوجائے گا۔یہ پروگرام ہر طرح سے بہتر پروگرام ہے عام حالات میں 42 سے 43 فلاک 1900 سے 1700 گرام کا ہو جائے گا۔اس کا ایف سی آر بہت اچھا رہے گا۔گرمی کی وجہ سے اموات بھی بہت کم ہوں گی اس کے علاوہ ایس ڈی ایس کا شکار ہو کر اچانک مرجانیوالے چوزوں کی تعداد بھی بہت کم رہے گی۔پیٹ میں پانی نہیں بھرے گا۔لنگڑاپن فلاک میں نظر نہیں آئے گا۔مرغوں کی کلغی اور ڈارھی بڑھی ہوئی ملے گی۔فلاک بہت چست و چالاک نظر آئے گا۔فلاک تروتازہ ہوگا۔عام طور پر فلاک چہرے سے سرخ نظر آئے گا۔میرے خیال میں اپنے ملکی حالات کے اعتبار سے یہ پروگرام سب سے بہتر رہے گا۔اس وقت کئی ممالک میں اس پروگرام پر عمل کیا جارہا ہے۔لیکن اپنے ملک میں اس پروگرام سے خاطرخواہ فائدہ نہیں ہوگا۔یہ مشکل اور توجہ طلب ہے۔جو تحریر کردیتا ہوں۔کیونکہ بہت سے فارمر اچھی چیز کو اپنانا چاہتے ہیں۔اگر آپ مندرجہ بالا پروگرام کو دیکھیں تو معلوم ہوگا۔کہ ہر ہفتے گھنٹوں کا حساب چل رہا ہے۔اس لئے عام حالات میں ہم اپنے ملک میں نہیں چلا پائیں گے۔جب کے نتائج بہت اچھے نظر آتے ہیں۔اگر اس کو ایسے ہی اپنے فارم پر لاگو کرلیا تو حاصل ہونے والے فلاک کا وزن 1800 سے 2000 گرام ہوگا۔فلاک میں یکسانیت ہوگی۔ہڈیاں مضبوط ہوگی۔پیٹ میں پانی نہیں ہو گا۔نہ ہی فلاک میں لنگڑاپن نظر آئے گا۔ایف سی آر بھی بہت اچھا ہوگا۔مرغیوں کے چہرے بھی سرخ ہوں گے مرغوں کی کلغی اور داڑھی کافی بڑی ہوگی۔فلاک کا وزن اچھا ہوگا۔اچانک مرجانے (ایس ڈی ایس) والے چوزوں کی تعداد بہت کم ہوگی۔فلاک میں بیماری یعنی دل کی بیماری سے مرجانے والے چوزے بھی نہیں ملیں گے۔یعنی یہ سب سے بہتر اور اچھا پروگرام ہے۔
روشنی کی بات چل رہی ہے تو لیئر کو ہم کیوں بھول جائیں کیونکہ روشنی کا براہ راست تعلق انڈے سے ہے۔اس لئے اس پر نظر ڈالنا بہت ضروری ہے۔لیئر کے سلسلے میں روشنی کے دو پروگرام ہوتے ہیں۔ایک بڑھتا ہوا روشنی کا نظام یعنی (STEP UP) دوسرا گھٹتا ہوا روشنی کا نظام یعنی (STEP DOWN) یعنی مارچ میں جو فلاک ڈالا جائے گا وہ (STEP UP) ہوگا اور اگست میں جو فلاک ڈالا جائے گا وہ (STEP DOWN) آئے گا۔ہمیں بہت پریشان ہونے کی ضرورت نہیں صرف فلاک ڈالنے کے بعد یہ معلوم کرنا ہوتا ہے کہ 16 ہفتے تک کس ماہ میں دن سب سے بڑا ہوگا۔اس کے بعد ہم اس بڑے دن کے گھنٹے فلاک کے کارڈز پر نوٹ کرلیں اور جب دن کم ہونے لگے تو اتنی پیداوار کے حساب سے کتاب (ہر فلاک میں روشنی اور دانہ اور وزن) کا چارٹ دیا ہوتا ہے۔جو آپ چوزے کی مقدار پوری کرتے رہیں۔اس طرح آپ ایک اچھا فلاک پال سکیں گے جس کی پیداوار دیئے گئے چارٹ کے مطابق ہوگی۔

خلاصہ

روشنی کی اہمیت لیئر فلاک میں بہت زیادہ ہوتی ہے لیکن روشنی کا براہ راست تعلق برائلر سے ابھی تک معلوم نہیں ہوسکا۔لیکن اگر روشنی کو پروگرام کے تحت استعمال کریں تو مرغی کے نظام میں بہتری ہوگی۔اور اس میں قوت مدافعت بڑھے گی نشوونما اچھی ہوگی۔اور آپ بہتر سے بہتر ایف سی آر لے سکیں گے۔کسی بھی روشنی کے پروگرام پر عمل سے پہلے چند باتوں کو ضرور یاد رکھیں۔
(1) شیڈ کی گنجائش سے زیادہ فلاک کبھی نہ ڈالیں۔
(2) 100 مرغیوں کے لئے کم از کم دانے کے دو اور پانی کے دو برتن ضرور رکھیں اگر آٹو میٹک پانی کے برتن استعمال ہو رہے ہوں تو 50 مرغیوں کے لئے ایک برتن بھی کارگر ہوسکتا ہے۔لیکن گرم موسم میں پانی کے برتنوں کی تعداد میں اضافہ سودمند ہوتا ہے۔
(3) شیڈ یکساں طور پر روشن ہو۔یعنی چوزہ کی اونچائی پر آپ آسانی سے اخبار کی ہیڈ لائن پڑھ سکیں۔
(4) اگر پانی کے برتن آٹو میٹک ہوں تو 400 مرغی سے زیادہ ایک مزدور کو نہ دیں۔
(5) فیڈ ڈالنے سے قبل برتن صاف کر کے دیں اور پانی بھی تازہ فراہم کردیں۔

برائلر اور لیئر فارمنگ میں روشنی کا استعمال:

برائلر فلاکس میں روشنی کو کنٹرول کرلیا جائے تو فلاک میں کئی بیماریو ں کو بڑھنے سے روکا جاسکتا ہے۔

برائلر پالنے کیلئے مستقل روشنی ضروری نہیں

روشنی کی اہمیت لیئر فلاک میں بہت زیادہ ہوتی ہے لیکن روشنی کا براہ راست تعلق برائلر سے ابھی تک معلوم نہیں ہوسکا۔ لیکن اگر روشنی کو پروگرام کے تحت استعمال کریں تو مرغی کے نظام میں بہتری ہوگی۔ برائلر کے فلاک کو کم از کم 6 سے 8 گھنٹے ہی آرام کا موقع دے دیں تو اس کی کارکردگی میں خاطر خواہ اضافہ ہو جائے گا خلاف قدرت کوئی بھی کام کیا جائے وہ پائیدار نہیں ہوتا۔ اس میں نقائص آتے ہی رہتے ہیں۔ یہی حال برائلر پالنے کے ساتھ ہے۔ ہم چوبیس گھنٹے برائلر کو جب روشنی میں رکھتے ہیں تو اس کی وجہ سے اس کے تمام نظام (ہاضمہ، تنفس وغیرہ) شدید دباؤ کا شکار ہو جاتے ہیں اس کے نتیجے میں ہمیں برائلر سے وہ کارکردگی نہیں ملتی جو ہمیں حاصل ہونی چاہیئے یہ بات تحقیق اور تجربہ سے بھی ثابت ہے۔ اس کے برعکس ہم برائلر کے فلاک کو کم از کم 6 سے 8 گھنٹے ہی آرام کا موقع دے دیں تو اس کی کارکردگی میں خاطر خواہ اضافہ ہو جائے گا۔ کیونکہ آرام کے بعد جسم کے سارے نظام کو نئی قوت درکار ہوتی ہے۔ اس کو بھی ہم 6 سے 8 گھنٹے ہر حالت میں آرام کا موقع فراہم کرتے ہیں۔ جبکہ روشنی کا براہ راست تعلق برائلر کے ساتھ ابھی تک سامنے نہیں آرہا ہے تو پھر ہم اس کو آرام کا موقع کیوں نہیں دیتے؟ جیسا کہ میں نے پہلے کہا ہے کہ تحقیق نے یہ بات ثابت کردی ہے کہ برائلر کے جن فلاکس کو 6 سے 8 گھنٹے آرام کا موقع ملا ان فلاکس میں (DEATH SUDDEN SYNDROME) یعنی کم ہوگئے۔ اس کے علاوہ پیٹ میں پانی نہ بھرنے، لنگڑے پن کا نہ ہونا اور ہڈی مضبوط ہونے کے شواہد بہت زیادہ ملے۔ خاص طور پر دل کی بیماری کے ذریعہ اموات بہت کم ہوئیں۔ اس وقت میں یہ بات بہت وثوق سے نہیں کہہ سکتا کہ اگر برائلر فلاکس میں روشنی کو کنٹرول کرلیا جائے تو ہائیڈرو کی بیماری ختم ہوجائے گی۔ کیونکہ ابھی اس پر کام ہو رہا ہے۔

البتہ ابھی تک ملنے والے نتائج بہت حوصلہ افزاء ہیں امید ہے کہ اگر ہائیڈرو ختم بھی ہوئی تو اس میں کمی ضرور آجائے گی۔ اگر ہم اپنے ملک میں شیڈ میں فراہم کی جانے والی روشنی کے نظام کو دیکھیں تو احساس ہوگا کہ روشنی نہ فراہم کرنا ہی بہتر ہے۔ یہاں پر ایک بات اور عرض کرتا چلوں کہ مرغیوں کی یہ خاص عادت ہوتی ہے کہ وہ شیڈ میں اپنی جگہ مخصوص کر لیتی ہیں اور ایک گروہ کی شکل میں رہتی ہیں۔ اگر شیڈ کے اندر دانہ، پانی اور روشنی کا خاطر خواہ بندوبست درست نہ ہوگا۔ تو فلاک میں ہر طرح کی مرغی ملے گی۔ کوئی ایک کلو یا پھر ڈیڑھ کلو کی ہوگی۔ اس لئے یہ نہایت ضروری ہے کہ شیڈ کے اندر اوپر بیان کی گئی ضروریات اور سہولتیں یکساں طور پر پورے شیڈ میں ہوں۔ اب میں روشنی کے چند ایسے پروگرام دیتا ہوں جن کی مدد سے آپ برائلر کی بہترین کارکردگی بھی حاصل کرسکیں گے۔ اور ساتھ ہی اخراجات بھی خاطر خواہ کمی کر لیں گے۔ کیونکہ اس فارمنگ میں بچت بہت کم ہے۔ اس لئے ہر طریقے پر عمل کرنا چاہیے جس کی مدد سے نہ تو فلاک کی کارکردگی خراب ہو اور نہ ہی فلاک پر غیر ضروری اخراجات کا بوجھ پڑے۔

آپ صرف دن کی روشنی میں فلاک کی پرورش کریں۔ چوزہ تین روز کا ہوجائے تو آپ یہ عمل شروع کر سکتے ہیں۔ اگر چوزہ دیکھنے میں کمزور ہو تو 5 دن شیڈ میں صرف اتنی معمولی سی روشنی ہو جس کی مدد سے شیڈ میں کام کرنے والا آدمی اندازہ کر سکے کہ کہیں درجہ حرارت بہت زیادہ یا کم تو نہیں ہے۔ چوزے کسی آواز کو سن کر ایک جگہ پر جمع تو نہیں ہوگئے ہیں۔ یعنی آدمی کو یہ نظر آسکے کہ چوزے صحیح حالت میں ہیں۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا چوزے دن کی روشنی میں اپنی خوراک پوری کرلیں گے؟ جی ہاں کیونکہ جب بریڈر فلاک میں دو دن کی فیڈ ایک ہی دن دی جاتی ہے اور دوسرے دن فیڈ کا ناغہ ہوتا ہے۔ اس کے باوجود ان کی نشوونما پر کوئی اثر نہیں پڑتا۔ اس لئے کہ وہ جس دن فیڈ کھاتے ہیں تو (CROP) میں اتنی فیڈ جمع کر لیتے ہیں جو دو دن کے لئے کافی ہو۔ اس طرح وہ (CROP) کی گنجائش بڑھا لیتے ہیں۔ بالکل اس طرح برائلر کے فلاک کو جب یہ معلوم ہوجائے گا اسے دانہ صرف دن میں ملتا ہے تو وہ اپنی فیڈ دن کے وقت ہی پوری کرے گا۔ شرط یہ ہے کہ چوزوں کو مقرر کردہ فیڈرز اور ڈرنکرز دستیاب ہوں۔ فیڈ ڈالنے سے قبل تازہ پانی فراہم کردیا جاتا ہے۔ اس کے بعد فیڈ ڈالی جاتی ہے اگر آپ صرف دن کی روشنی میں فلاکس رکھیں گے تو وہ 42 دن میں 1700 سے 1900 گرام کا ہوجائے گا۔ اس میں آپ کو یکساں نشوونما ملے گی۔ ان فلاکس میں نہ پیٹ میں پانی بھرے گا۔ نہ لنگڑا پن ہوگا۔ ایس ڈی ایس یعنی اچانک مرجانے والے چوزوں کی تعداد نہ ہونے کے برابر ہوگی۔ بہترین ایف سی آر ملے گا۔ مرغوں میں کلغی اور ڈارھی نکل آئے گی۔ چہرہ سرخ ہوگا۔ اور مرغیاں بھی بہت ہوشیار ہوں گی وغیرہ وغیرہ۔

رات کے وقت روشنی بڑھائی جاتی ہے۔ (16 گھنٹے روشنی اور 8 گھنٹے اندھیرا) اس میں وزن تقریبا 42 سے 45 دن میں 1800 سے 2000 گرام تک ہوجاتا ہے۔ طریقہ وہی ہے یعنی 3 دن بعد روشنی بند کریں۔ اگر فلاک کمزور ہے تو 5 دن بعد روشنی بند کریں 10 دن کے بعد اگر دن کی روشنی 12 گھنٹے بنتی ہے تو 2 گھنٹے صبح کی روشنی بڑھا دیں۔ اب فلاک کو 16 گھنٹے روشنی مل رہی ہے۔ یہ پروگرام 42 سے 43 دن تک رکھیں۔ اس کے بعد اگر ضرورت محسوس کریں یعنی 46 روز بعد تو روشنی مزید دو گھنٹے بڑھا دیں تاکہ رات کو جب مارکیٹ کی گاڑی آئے تو مرغیاں پکڑنے میں آسانی ہو۔ زیادہ بھاگ دوڑ نہ کرنی پڑے۔ 16 گھنٹے روشنی میں پالے گئے فلاک میں ایس ڈی ایس کی وجہ سے اموات نہیں ملیں گی۔ دل کی بیماریاں کم ہوں گی۔ لنگڑا پن نہیں ہوگا۔ فلاک میں ایف سی آر بہت اچھا آئے گا۔ فلاک میں سرخی ہوگی۔ مرغوں کی کلفی اور داڑھی کافی بڑی ہوجائے گی اور فلاک بھی تروتازہ ہوگا

خونی پیچپاِس کو روکنے والی دوائی بھی ضرور ڈالنی چاہیے جبکہ چونے کی مقدار ایک فیصد سے زیادہ نہ بڑھے۔ لیئر پرندوں کی خوراک کو تین حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے پہلے آٹھ ہفتوں کے لیے چک سٹارٹرشن بنایا جاتا ہے جس میں 17 سے 18 فیصد لحمیاتی اجزاء اور 2800 کلوکیلوریاں فی کلوگرام خوراک توانائی موجود ہوتی ہے جبکہ چونا ایک فیصد کے حساب سے شامل کیا جاتا ہے نویں ہفتے سے بیس ہفتے تک گرالیئر پرندوں کی خوراک کو تین حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے جس میں 17 سے 18 فیصد لحمیاتی اجزاء اور 2800 کلوکیلوریاں فی کلوگرام خوراک توانائی موجود ہوتی ہے جبکہ چونا ایک فیصد کے حساب سے شامل کیا جاتا ہے نویں ہفتے سے بیس ہفتے تک گروور راشن استعمال کیا جاتا ہے جس میں پندرہ فیصد لحمیاتی اجزاء اور 2700 کلوکیلوریاں توانائی فی کلو گرام خوراک جبکہ چونے کی مقدار ایک فیصد ہی رکھی جاتی ہے۔ لیئر راشن انڈا شروع ہونے پر دیا جاتا ہے جس میں 17 فیصد لحمیاتی اجزاء اور 2850 کلوکیلوریاں توانائی فی کلوگرام خوراک موجود ہوتی ہیں جبکہ لیئر راشن میں چھ سے سات فیصد چونا شامل کیا جاتا ہے۔

بریڈر پرندوں کی خوراک کو چار حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔ پہلے چھ سے آٹھ ہفتوں کے لئے جو راشن استعمال کیا جاتا ہے اس میں 18 فیصد لحمیاتی اجزاء اور 2800 کلوکیلوریاں توانائی فی کلوگرام خوراک موجود ہوتے ہیں۔ آٹھویں ہفتے سے 15 ہفتے تک بریڈر پرندوں کو گرور راشن مہیا کیا جاتا ہے جس میں 15 فیصد لحمیات اور 2700 کلوکیلوریاں توانائی فی کلوگرام خوراک موجود ہوتی ہے۔ پندرھویں ہفتے سے انڈا شروع ہونے تک پری بریڈر راشن مہیا کیا جاتا ہے جس میں کیلشیم فاسفورس کی مقدار کم مہیا کی جاتی ہے جبکہ اس میں انیس فیصد لحمیات 2800 کلوکیلوریاں توانائی فی کلوگرام خوراک موجود ہوتی ہے انڈا شروع ہونے پر بریڈر راشن مہیا کیا جاتا ہے جس میں 17 سے 18 فیصد پروٹن اور 2900 کلوگرام خوراک موجود ہوتی ہیں بریڈر راشن میں چھ سے سات فیصد چونا اور ایک سے دو فیصد ڈی سی پی یا قادرتی فاسفورائیٹ استعمال کیا جاتا ہے۔

کسی راشن کیلئے اس میں مختلف اجزاء سے آنیوالی پروٹین اور توانائی کی مقداروں کو معلوم کرنے کیلئے درج ذیل فارمولے بروئے کار لائے جاسکتے ہیں۔

راشن میں فیصد پروٹین = /(جزوخوراک میں فیصد پروٹین x راشن میں جزو کی مقدار (کلوگرام) راشن میں کلوکیلوریاں فی کلو گرام= 100/(جزوخوراک میں کلوکیلوریاں فی کلوگرام x راشن میں موجود جزو کی مقدار (کلوگرام)۔

ہر جزوخوراک سے حاصل ہونے والی فیصد پروٹین اور کلوکیلوریاں جمع کر کے ان سے مطلوبہ معیار کا راشن بنایا جاسکتا ہے چونا' ڈی سی پی' پری مکس اور شیرہ کی مقداروں کو چھوڑ کر باقی اجزاء کو کم یا زیادہ کیا جاسکتا ہے۔ مگر اجناس اور مختلف اقسام کے تیار شدہ اجزائے خوراک، مثلاً نباتاتی وحیوانی ذرائع لحمیات کے لئے مقرر کردہ مقداروں کو ضرور ملحوظ خاطر رکھا جائے۔

راشن میں پری مکس ڈالنے کیلئے گلوٹن 30 فیصد میں پہلے مکس کر لیا جائے اور پھر خوراک کی پوری مقدار میں اچھی طرح مکس کر لیا جائے اور پھر خوراک کی پوری مقدار میں اچھی طرح مکس کیا جائے۔ جدول میں مختلف اقسام کے راشن از قسم لیئر اور برائلر راشن میں فی کلوگرام خوراک کی ضروریات دی گئی ہیں بازار سے ملنے والے اکثر وٹامن وددھاتیں خالص حالت میں دستیاب نہیں ہوتیں۔ اس لئے خالص اجزاء کے حصول کی شرح کو مدنظر رکھتے ہوئے پری مکس کی مقدار نکالی جائے اور پھر اسے مطلوبہ مقدار اور معیار کے راشن میں اچھی طرح مکس کر لیا جائے۔

پولٹری فیڈ کی تیاری

لیئر مرغیوں کی طبعی پیداواری استعداد کو بڑھانے کیلئے یہ کوشش کی جاتی ہے کہ کم از کم خرچ سے زیادہ سے زیادہ انڈے حاصل کیے جائیں جس کے لیے کم عمر میں انڈے دینے کی صلاحیت، بلوغت کے وقت کم وزن کا حال ہونا اور ویومیہ خوراک کے استعمال میں کمی جیسی صلاحیتیں مرغیوں میں پیدا کی گئی ہیں ان اوصاف کے باعث مرغیوں کم از کم خرچ پر بہتر پیداواری صلاحیت کا مظاہرہ کرتی ہیں بشرطیہ ان کی خوراک کی ضروریات کو کماحقہ پورا کیا جائے چنانچہ فارم کی معاشیات کو بہتر رجحان دینے کیلئے ان مرغیوں کو خوراک کی ضروریات کے جائزے پر مبنی خوراک دی جانی چاہیے تا کہ وہ بہتر پیداواری دے سکیں لیئر کے انتخاب کے وقت بڑھوتری کے دوران خوراک کی ضروریات اور انڈا شروع ہونے کی عمر جیسے عوامل مدنظر رکھنے چاہیں یہ خیال رہے کہ اگر مرغیاں کم عمر میں انڈے دینا شروع کر دیں تو ایسی نسل کی مرغیاں بلوغت کے مطلوبہ معیار کی حامل نہیں ہوسکتیں چنانچہ تقریبا 1.3 کلو گرام کا جسمانی وزن مطلوبہ معیار کے انڈے پیدا کرنے اور پیداواری کی تقاضوں کو پورا کرنے کے لیے ضروری ہوتا ہے۔ اگر مرغیوں کی بڑھوتی کے وقت ان کی خوراک کافی ہو تو ان کی عمومی نشو نما کا انحصار خوراک میں زیادہ مطلوب ہیں ہو تو ایسی خوراک استعمال کی جاتی ہے جس میں زیادہ حرارے مرکتز ہوں لیکن گرم موسم میں جیسا کہ ہمارے ہاں ہے لحمیات کی زیادہ مقدار استعمال کرنا پڑے گی کیونکہ مرغیاں کم خوراک کھائیں گی اور یوں ان کی خوراک کی کھپت میں توازن رکھا جا سکے گا۔ انڈوں کے حصول کیلئے کچھ متعین شدہ مقاصد فارمر کے پیش نظر رہنے چاہیں۔ مثلا سفید انڈے دینے والی کمرشل مرغیوں میں دس فیصد تک کی پیداوار 21 ہفتے میں اور 80 فیصد چھبیس، ستائیس ہفتے میں حاصل کی جاسکتی ہے۔ اسی طرح انڈوں کے معیاری وزن میں بھی خوراک اور نگہداشت کے انتظامات کے ذریعے سے تبدیلی ممکن ہے چنانچہ فارمر کیلئے یہ جاننا ضروری ہے کہ مرغیوں کی بڑھوتری اور انڈے دینے کے ادوار میں کن مذکورہ بالا مقاصد سے اسے دلچسپی ہے یوں انہی مقاصد کی روشنی میں وہ خوراک اور نگہداشت کے عمل کو اس طرح ترتیب دیکر متعین کردہ مقاصد کا حصول یقینی ہو

جائے۔ جہاں تک انڈوں کی مطلوبہ پیداوار کے لیے خوراک کے تعین کا تعلق ہے تو اس ضمن میں پہلا کام روزمرہ خوراک کی ضروریات کا تعین کا کرنا ہے اور ثانیا ایسے اجزاء خوراک کا انتخاب نسبتا قیمت پر دستیاب ہوں اور خوراک کی ضرورت کو بھی کماحقہ پورا کر سکیں انڈے دینے کے پورے عرصے میں روزانہ کھائی جانیوالی خوراک کا حساب دیکھنا ضروری ہے تا کہ یہ پتہ چل سکے کہ غذائی ضرورت کس حد تک پوری ہو رہی ہیں اسی طرح پیداوار کی بالائی حد کے حصول کے قوت اور اس کے ہر چار ہفتے بعد انڈے اور مرغی کے وزن کا شمار بھی ضرورت ہوگا کیونکہ انڈوں کا وزن اس بات کا عندیہ دیتا ہے کہ مرغیوں کو ان کی ضروریات کے مطابق خوراک بمعہ اجزائے خوراک مل رہی ہے کہ نہیں۔ فارم کی سطح پر خوراک تیار کرنے کیلئے مخت لفا جزاء خوراک کو بروئے کار لایا جاسکتا ہے اجناس کو کسی راشن کی تیاری میں پچاس فیصد سے ساٹھ فیصد تک استعمال کیا جاسکتا ہے اجناس کے بعض ذرائع مثلا چاولوں کی پالش اور چوکر گندم 10 سے 15 فیصد تک راشن میں شامل کئے جاسکتے ہیں کسی بھی راشن کو بناتے وقت اجزائے خوراک کی قیمتوں کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے کم از کم قیمت والے مگر معیاری اجزاء کا انتخاب کیا جاتا نباتاتی اور حیوانی ذرائع لحمیات 22 اور 11 فیصد کی نسبت سے بالترتیب شامل کئے جائیں۔ برائلر چوزوں کے لیے راشن بناتے وقت ڈی سی پی او چونا ایک ڈالا جائے ہر قسم کے راشن میں وٹامن منرل مکسچر تقریبا ایک فیصد شیرہ بھی ملایا جاتا ہے جو کہ راشن میں توانائی کے ذریعہ کے طور پر بھی کام کرتا ہے اور مائع سے بحالت میں ہونے کی وجہ سے باریک اجزاء خوراک کو ضائع ہونے سے بچاتا ہے مزید براں راشنت کے ذرائعے پر بھی قدرے اثر انداز ہورہوتا ہے۔ برائلر پرندوں کی خوراک ان کی عمر کے لحاظ سے دوحصوں میں تقسیم کی جاتیں ہے۔ پہلے تین سے چار ہفتوں کیلئے جوراشن استعمال کیا جاتا ہے اس میں 3200 کلو کیلوریاں توانائی فی کلو گرام خوراک اور 23 سے 24 فیصد لحمیاتی اجزاء پائے جاتے ہیں۔ اس کے بعد فروخت کے قابل ہونے تک برائلر پرندوں کو ایسا راشن مہیا کیا جاتا ہے جس میں تقریبا 3000 کلو کیلوریاں توانائی فی کلو گرام خوراک اور 19 سے 20 فیصد لحمیاتی اجزاء موجود ہوتے ہیں۔ براکلوئکر پرندوں کے راشن میں

انٹرنیشنل پولٹری ایکسپو 2024 کی تیاریاں مکمل

انٹرنیشنل پولٹری ایکسپو 26 ،27اور 28 ستمبر 2024 کو ایکسپو سینٹر لاہور میں منعقد کی جارہی ہے، جس کی تیاریاں مکمل ہوچکی ہیں۔ انٹرنیشنل پولٹری ایکسپو میں اس سال افتتاحی سیشن، پولٹری سائنس کانفرنس اور انٹریکٹو سیشن کا اہتمام کیا جارہا ہے۔ اس سال بھی ہمیشہ کی طرح نہ صرف پاکستان سے بلکہ دنیا بھر سے پولٹری سے وابستہ ہزاروں افراد شرکت کریں گے، آئی پیکس کے بے شمار فائدے ہیں مختلف سیکٹرز میں کام کرنے والے ادارے باہمی رابطے میں آتے ہیں، افتتاحی اور اختتامی سیشنز میں اعلیٰ حکومتی شخصیات مدعو ہوتی ہیں جس سے انہیں بھی پولٹری کے مسائل سننے کا موقع ملتا ہے جس کے صنعت کی مجموعی ترقی پر اچھے اثرات مرتب ہوتے ہیں، اس کے علاوہ ٹیکنیکل سیشنز کا انعقاد کیا جاتا ہے جن کی ازحد ضرورت تھی کیونکہ انڈسٹری بہت تیزی سے ترقی کر رہی ہے، بہت سے جدید رجحانات آرہے ہیں، ان ٹیکنیکل سیشنز کو پولٹری سائنس کانفرنس میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔ نمائش کے ذریعے انڈسٹری میں نئے آنیوالوں کو ایک ہی چھت کے نیچے پولٹری کے تمام مسائل کا حل مل جاتا ہے۔ جبکہ صنعت سے وابستہ کمپنیوں کو سٹالز لگا کر اپنی پراڈکٹ کی تشہیر کا بہترین موقع ملتا ہے۔ اس سال بھی ہزاروں کی تعداد میں انڈسٹری سے وابستہ لوگوں کی آئی پیکس میں شرکت متوقع ہے۔ انٹرنیشنل پولٹری ایکسپو جیسے بڑے تجارتی شو کا کامیاب انعقاد پاکستان کی معیشت کیلئے ایک خوش آئند بات ہے۔ درحقیقت انٹرنیشنل پولٹری ایکسپو پوری دنیا کو پاکستان میں سرمایہ کاری کرنے اور یہاں موجود بے شمار سہولیات سے فائدہ اُٹھانے کی ایک دوستانہ دعوت بھی دیتی ہے۔ المختصر یہ کہا جاسکتا ہے کہ انٹرنیشنل پولٹری ایکسپو نے پاکستان پولٹری انڈسٹری کی ترقی، فارمرز کی آگاہی اور پاکستان کا امیج بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے اور اُمید کی جارہی ہے کہ آئندہ سالوں میں بھی جو پولٹری انڈسٹری کی جانب سے انٹرنیشنل ایکسپو کا انعقاد کیا جائے گا وہ بہترین نتائج کا حامل ہوگا۔ آئی پیکس 2023 میں غیر ملکی کمپنیوں نے شرکت کی۔ اس سال آئی پیکس میں انٹریکٹو سیشن کا انعقاد کیا جارہا ہے۔ اس میں کالج اور یونیورسٹیوں کے وائس چانسلر اور پرنسپلز شامل ہوں گے۔ ان کی شرکت سے اس ایونٹ کو مزید تقویت ملے گی۔ انٹریکٹو سیشن منعقد کرنے کا مقصد عوام میں پائے جانے والے مرغی کے گوشت اور انڈوں میں پائے جانے والے ابہام کو دور کرنا ہے۔ اس سال اس سیشن میں کوئز کمپیٹیشن کا بھی اہتمام کیا گیا ہے، جس میں ٹیمیں تشکیل دی جائیں گی اور جیتنے والی ٹیم کو قیمتی انعامات سے نوازا جائے گا۔ امید ہے کہ اس سال انٹرنیشنل پولٹری ایکسپو سال کا ایک کامیاب ایونٹ رہے گا۔

سویا بین پولٹری فیڈ کا ایک اہم جزو ہے

سویا بین میل کی درآمد پر پابندی پاکستان میں پولٹری کی پیداوار کو بری طرح متاثر کرتی ہے۔ حکومت سویا بین میل کی درآمد کی پالیسی جاری رکھے۔ سویا بین میل کی درآمد کے لیے USSEC، Soy-US اور پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن کی کوششیں قابل تعریف ہیں۔ پاکستان میں پولٹری کی پیداوار کو بڑھانے کی اشد ضرورت ہے تاکہ ملک میں پروٹین اور غذائی قلت کے مسئلے پر قابو پایا جاسکے۔ پولٹری انڈسٹری کی طرف سے اپنایا گیا سویا بین اور مکئی پر مبنی فیڈ فارمولیشن 8 برس پہلے عالمی طریقوں کے مطابق خوراک کی تبدیلی کے تناسب (FCR) میں 25 فیصد بہتری لایا ہے، جس کے نتیجے میں چکن ملک میں پروٹین کا سب سے سستا ذریعہ بن گیا ہے۔ اس وقت پاکستان میں بڑھتی مہنگائی اور ذریعہ آمدن کم ہونے کی وجہ سے لوگ معیاری خوراک سے دور ہوتے جارہے ہیں۔ ان حالات میں مرغی کا گوشت اور انڈے ہی بہترین ذریعہ ہیں۔

دنیا کی بڑھتی ہوئی آبادی کے تناظر میں لوگوں کی غذائی ضروریات پوری کرنا ایک بڑا چیلنج بن چکا ہے جس سے نمٹنے کیلئے پولٹری انڈسٹری پر انحصار بڑھ گیا ہے، امریکہ جیسے ملک میں جہاں فی کس آمدنی 50 ہزار ڈالر سالانہ ہے وہاں پولٹری 2030ء تک گوشت کی مجموعی کھپت کا سب سے بڑا حصہ بن جائے گی۔ پاکستان جیسے ترقی پذیر ملک میں پولٹری حیوانی ذرائع سے حاصل ہونیوالی پروٹین کا سستا ترین ذریعہ ہے جس نے پاکستانی عوام کو فوڈ سکیورٹی کے درپیش چیلنج سے نمٹنے میں بھرپور کردار ادا کیا ہے۔ مجموعی پروٹین میں انسانی جسم کو 27 فیصد حیوانی پروٹین درکار ہوتی ہے تاہم بدقسمتی سے پاکستان میں یہ شرح 17 فیصد ہے کیونکہ حیوانی ذرائع سے حاصل ہونیوالی پروٹین کے دیگر ذرائع عوام کی پہنچ سے دور ہو چکے ہیں، مٹن اور بیف کی کمرشل پیداوار کم ہونے کے باعث ان کی قیمتیں آسمان پر پہنچ چکی ہیں۔ پاکستان کی پولٹری انڈسٹری نے قوم کی پروٹین کی ضرورت پوری کرنے میں اہم کردار ادا کیا ہے اگر پولٹری نہ ہوتی تو پاکستان بھی خدانخواستہ لوگوں کو غذائی قلت کا سامنا ہوتا جبکہ مٹن اور بیف کی قیمتیں کئی گنا زیادہ ہوتی لیکن آج حالات یہ ہیں کہ مرغی کا گوشت دالوں اور سبزیوں سے بھی سستا فروخت ہورہا ہے۔

اریبہ رضا

فہرست

پی پی اے نیوز 62

مورخہ 31 جولائی 2024 کو پاکستان پولٹری ایسوسی ایشن کے نادرن ریجن کے دفتر میں برائیلر، لیئر اور بریڈرز کی میٹنگ کا انعقاد کیا گیا

فیچر: 62

برائیلر اور لیئر فارمنگ میں روشنی کا استعمال

بائیوسیکورٹی

پولٹری فیڈ کی تیاری

انڈے کی خصوصیات

فلاک کی اعلیٰ ترین کارکردگی

لہسن اور پیاز سرطان سے بچانے میں معاون ثابت

برصغیر پاک و ہند میں پولٹری فارمنگ

ریسیپی: 38

پاکستان پولٹری میگ

ایڈیٹوریل بورڈ

چیئرمین اینڈ ایڈیٹر ان چیف

چوہدری محمد نصرت طاہر

ایگیزیکٹو ایڈیٹر

میجر (ر) سید جاوید حسین بخاری

ایڈیٹر

اریبہ صفدر

تکنیکی مشیران

ڈاکٹر عبدالکریم، حسن سروش اکرام

ڈاکٹر مصطفیٰ کمال، ڈاکٹر مسعود صادق

ڈاکٹر سید رضا علی حیدر

اعزازی مشیران

مسٹر خلیل ستار

ڈاکٹر رانا سجاد ارشد

مسٹر عبدالباسط

ڈاکٹر محمد ارشد

اراکین

ڈاکٹر ایف ایم صابر مسٹر عبدالحئی مہتا

ڈاکٹر انور محمود رندھاوا

مسٹر شاہد اقبال

ڈیزائینر /فوٹو گرافر

ایم طاہر ندیم tnadeem009@gmail.com

0300-4347426

پرنٹر

حُسنین الیاس پرنٹرز

پبلیشر

میجر (ر) سید جاوید حُسین بخاری

24 آر (پولٹری ہاؤس)، جوہر ٹاؤن، لاہور

جملہ حُقوق بحق ایڈریل بورڈ محفوظ، اس شمارے میں شائع ہونے والے مواد یا اس کے کسی حصے کی اشاعت کا ایڈیٹوریل بورڈ کی پیشگی اجازت کے بغیر ممنوع ہے۔

اس شمارے میں شائع ہونے والے مضامین یا دیگر مواد کا ایڈیٹر یا ایڈیٹوریل بورڈ متفق یا نا ضروری نہیں۔

قیمت فی شمارہ: 500 روپے

اندرون ملک سالانہ: 5000 روپے (بذریعہ عام ڈاک)

بیرون ملک سالانہ: 400 امریکی ڈالرز

اسلام آباد ونڈا
اسلام آباد فیڈز کا ایک منصوبہ
جانوروں میں دودھ اور گوشت کی پیداوار یقینی بنانے کے لئے اسلام آباد فیڈز (پرائیویٹ) لمیٹڈ کا تیار کردہ معیاری ونڈا استعمال کریں
ISO
اسلام آباد ونڈا
REG# 00035197
40KG
D1
D2
Fattening
Calf Starter
ISLAMABAD FEEDS (PVT) LTD.
CONTACT DETAIL
UAN: 051 111 99 66 99
Tel: 051-4845645
National Sales Manager 0300-0601038
www.islamabadgroup.com
/IslamabadWanda
ACS
HALAL
Certified
HACCP
ISOQAR
REGISTERED
UKAS
MANAGEMENT SYSTEMS
حلال
100%

PREVEXXION®
THE NEXT GENERATION
MAREKS DISEASE VACCINE
INNOVATION
PROTECTION
VALUE
THE FUTURE IS NOW
PREVEXXION® RN
PREVEXXION® RN+HVT
PREVEXXION® RN+HVT+IBD
SAADAT INTERNATIONAL
117-Habitat Apartments, Shadman-II,
Jail Road, Lahore. Ph: +92-42-35407238-39
Fax: 042-35407044, E-mail:saadat117@brain.net.pk
Boehringer Ingelheim

BIG BIRD
FOODS
Eat Well. Live Well
JUICY TENDERS
TEMPURA NUGGETS
BIG BIRD
Eat Well. Live Well
HACCP
Certified Company
FSSC
(ISO 22000)
Certified Company
HALAL حلال
BUREAU VERITAS
Certification
BUREAU VERITAS
1828
bigbirdfoods.com.pk | 03374019990